**Signature and Name of Invigilator**

1. (Signature) ____________________

   (Name) ____________________

2. (Signature) ____________________

   (Name) ____________________

**OMR Sheet No. :** ..........................................
(To be filled by the Candidate)

**Roll No.** | | | | | | | | |
(In figures as per admission card)

**Roll No.** ____________________
(In words)

**J 0 2 8 1 8**

# PAPER - II
# URDU

**Time : 2 hours]** **[Maximum Marks : 200**

Number of Pages in this Booklet : **16** Number of Questions in this Booklet : **100**

## Instructions for the Candidates

1. Write your roll number in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of hundred multiple-choice type of questions.
3. At the commencement of examination, the question booklet will be given to you. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and compulsorily examine it as below :
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page. Do not accept a booklet without sticker-seal and do not accept an open booklet.
   (ii) **Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to pages/questions missing or duplicate or not in serial order or any other discrepancy should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given.**
   (iii) After this verification is over, the Test Booklet Number should be entered on the OMR Sheet and the OMR Sheet Number should be entered on this Test Booklet.
4. Each item has four alternative responses marked (1), (2), (3) and (4). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.
   **Example :** ① ② ● ④ where (3) is the correct response.
5. Your responses to the items are to be indicated in the **OMR Sheet given inside the Booklet only.** If you mark your response at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Read instructions given inside carefully.
7. Rough Work is to be done in the end of this booklet.
8. If you write your Name, Roll Number, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except for the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, or use abusive language or employ any other unfair means, such as change of response by scratching or using white fluid, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return the original OMR Sheet to the invigilators at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are however, allowed to carry original question booklet on conclusion of examination.
10. **Use only Blue/Black Ball point pen.**
11. **Use of any calculator or log table etc., is prohibited.**
12. **There are no negative marks for incorrect answers.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. इस पृष्ठ के ऊपर नियत स्थान पर अपना रोल नम्बर लिखिए।
2. इस प्रश्न-पत्र में सौ बहुविकल्पीय प्रश्न हैं।
3. परीक्षा प्रारम्भ होने पर, प्रश्न-पुस्तिका आपको दे दी जायेगी। पहले पाँच मिनट आपको प्रश्न-पुस्तिका खोलने तथा उसकी निम्नलिखित जाँच के लिए दिये जायेंगे, जिसकी जाँच आपको अवश्य करनी है :
   (i) प्रश्न-पुस्तिका खोलने के लिए पुस्तिका पर लगी कागज की सील को फाड़ लें। खुली हुई या बिना स्टीकर-सील की पुस्तिका स्वीकार न करें।
   (ii) **कवर पृष्ठ पर छपे निर्देशानुसार प्रश्न-पुस्तिका के पृष्ठ तथा प्रश्नों की संख्या को अच्छी तरह चैक कर लें कि ये पूरे हैं। दोषपूर्ण पुस्तिका जिनमें पृष्ठ/प्रश्न कम हों या दुबारा आ गये हों या सीरियल में न हों अर्थात् किसी भी प्रकार की त्रुटिपूर्ण पुस्तिका स्वीकार न करें तथा उसी समय उसे लौटाकर उसके स्थान पर दूसरी सही प्रश्न-पुस्तिका ले लें। इसके लिए आपको पाँच मिनट दिये जायेंगे। उसके बाद न तो आपकी प्रश्न-पुस्तिका वापस ली जायेगी और न ही आपको अतिरिक्त समय दिया जायेगा।**
   (iii) इस जाँच के बाद प्रश्न-पुस्तिका का नंबर OMR पत्रक पर अंकित करें और OMR पत्रक का नंबर इस प्रश्न-पुस्तिका पर अंकित कर दें।
4. प्रत्येक प्रश्न के लिए चार उत्तर विकल्प (1), (2), (3) तथा (4) दिये गये हैं। आपको सही उत्तर के वृत्त को पेन से भरकर काला करना है जैसा कि नीचे दिखाया गया है।
   **उदाहरण :** ① ② ● ④ जबकि (3) सही उत्तर है।
5. प्रश्नों के उत्तर **केवल प्रश्न पुस्तिका के अन्दर दिये गये OMR पत्रक पर ही** अंकित करने हैं। यदि आप OMR पत्रक पर दिये गये वृत्त के अलावा किसी अन्य स्थान पर उत्तर चिह्नांकित करते हैं, तो उसका मूल्यांकन नहीं होगा।
6. अन्दर दिये गये निर्देशों को ध्यानपूर्वक पढ़ें।
7. कच्चा काम (Rough Work) इस पुस्तिका के अन्तिम पृष्ठ पर करें।
8. यदि आप OMR पत्रक पर नियत स्थान के अलावा अपना नाम, रोल नम्बर, फोन नम्बर या कोई भी ऐसा चिह्न जिससे आपकी पहचान हो सके, अंकित करते हैं अथवा अभद्र भाषा का प्रयोग करते हैं, या कोई अन्य अनुचित साधन का प्रयोग करते हैं, जैसे कि अंकित किये गये उत्तर को मिटाना या सफेद स्याही से बदलना तो परीक्षा के लिये अयोग्य घोषित किये जा सकते हैं।
9. आपको परीक्षा समाप्त होने पर मूल OMR पत्रक निरीक्षक महोदय को लौटाना आवश्यक है और परीक्षा समाप्ति के बाद उसे अपने साथ परीक्षा भवन से बाहर न लेकर जायें। हालांकि आप परीक्षा समाप्ति पर मूल प्रश्न-पुस्तिका अपने साथ ले जा सकते हैं।
10. **केवल नीले/काले बाल प्वाईंट पेन का ही प्रयोग करें।**
11. **किसी भी प्रकार का संगणक (कैलकुलेटर) या लाग टेबल आदि का प्रयोग वर्जित है।**
12. **गलत उत्तरों के लिए कोई नकारात्मक अंक नहीं हैं।**

## URDU
## PAPER - II

**Note :** This paper contains **hundred (100)** objective type questions of **two (2)** marks each. **All** questions are **compulsory**.

**नोट :** इस प्रश्न-पत्र में **सौ (100)** बहु-विकल्पीय प्रश्न हैं। प्रत्येक प्रश्न के **दो (2)** अंक हैं। **सभी** प्रश्न **अनिवार्य** हैं।

**1.** ''در شرح شعر گوید'' کا عنوان کس مثنوی میں قائم کیا گیا ہے ؟

(1) سیف الملوک بدیع الجمال (2) قطب مشتری

(3) گلشن عشق (4) خواب وخیال

**2.** ''ٹیری لین کی پتلون'' کس کا افسانہ ہے ؟

(1) سعادت حسن منٹو (2) جیلانی بانو (3) کرشن چندر (4) خواجہ احمد عباس

**3.** ذیل میں سے کس نے ہئیت کو المیہ کی جان بتایا ہے ؟

(1) افلاطون (2) ارسطو (3) بھرت منی (4) لان جائی نس

**4.** وہ مکھڑے کا عالم وہ کنگھی کا رنگ — شب ماہ ہو دیکھ کر جس کو دنگ
ستم تس پہ سرمے کی تحریر سی — کھنچی ہاتھ کافر کے شمشیر سی
وہ پشواز اک ڈانک کی جگمگی — ستاروں کی تھی آنکھ جس پر لگی

یہ اشعار کس مثنوی کے ہیں ؟

(1) گلزارِ نسیم (2) سحر البیان (3) خواب وخیال (4) زہرِ عشق

**5.** یہ آگہی مری مجھے رکھتی ہے بے قرار — خوابیدہ اس شرر میں ہیں آتش کدے ہزار
یہ امتیاز رفعت و پستی اسی سے ہے — گل میں مہک، شراب میں مستی اسی سے ہے
بستان و بلبل و گل و بو ہے یہ آگہی
اصلِ کشاکشِ من و تو ہے یہ آگہی

یہ بند اقبال کی کس نظم سے لیا گیا ہے ؟

(1) شمع (2) شمع و پروانہ (3) دردِ عشق (4) گلِ پژمردہ

**6.** فریدوں محمد حسن کے کس ڈرامے کا کردار ہے ؟

(1) پیسہ اور پرچھائیں (2) فٹ پاتھ کے شہزادے (3) تماشا اور تماشائی (4) ضحاک

7. ناول ''امراؤ جان ادا'' میں گوہر کس کا لڑکا ہے ؟

(1) بوا حسینی (2) بنّو ڈومنی (3) نواب اکبر علی خاں (4) امیر جان

8. ع تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے

درج ذیل مصرعوں سے شعر مکمل کیجیے۔

(1) رنج راحت فضا نہیں ہوتا (2) اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا (3) ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا (4) جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

9. مکالمہ کس صنف ادب کے لئے لازمی جُزو ہے ؟

(1) ناول (2) افسانہ (3) ڈراما (4) انشائیہ

10. ہیں مستحیل خاک سے اجزائے نوخطاں

کیا سہل ہے زمیں سے نکلنا نبات کا

کس کا شعر ہے ؟

(1) غالب (2) ناسخ (3) میر (4) سودا

11. ''خون کے دھبے'' کس کے ڈراموں کا مجموعہ ہے ؟

(1) آغا حشر کاشمیری (2) امتیاز علی تاج (3) محمد حسن (4) حبیب تنویر

12. نصرتی کی مثنوی ''گلشنِ عشق'' میں کون سا قصہ بیان ہوا ہے ؟

(1) قصہ گل بکاؤلی (2) قصہ ہیر رانجھا

(3) سسی پنّو کی داستانِ محبت (4) منوہر اور مدھ مالتی کی روداِدِ محبت

13. ''پاسباں'' کے مصنف کون ہیں ؟

(1) کنھیالال کپور (2) پطرس (3) رشید احمد صدیقی (4) حالی

14. نصرت الملک بہادر، مجھے بتلا کہ مجھے

تجھ سے جو اتنی ارادت ہے تو کس بات سے ہے

تو سکندر ہے، مرا فخر ہے ملنا تیرا

گو شرف خضر کی بھی مجھ کو ملاقات سے ہے

یہ اشعار قصیدے کے کس جزو کے ہیں ؟

(1) تشبیب (2) گریز (3) مدح (4) دعا

15. جعفر زٹلی کی تخلیقات کو کس محقق نے ''زٹل نامہ'' کے نام سے حواشی وتعلیقات کے ساتھ مرتب کیا ہے ؟

(1) امتیاز علی خاں عرشی (2) قاضی عبدالودود (3) رشید حسن خاں (4) مسعود حسین خاں

16. درج ذیل میں سے سعادت حسن منٹو کے افسانوی مجموعے کی نشان دہی کیجیے۔

(1) لمبی لڑکی (2) لذت سنگ (3) اندھی دنیا (4) ایک بات

17. ''رس کی انوکھی لہریں'' کس کی نظم ہے ؟

(1) اختر الایمان (2) مخدوم محی الدین (3) میرا جی (4) فراق

18. ''بساطِ رقص'' کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(1) علی سردار جعفری (2) جوش ملیح آبادی (3) مجروح سلطان پوری (4) مخدوم محی الدین

19. '' شکست زنداں کا خواب'' کس کی نظم ہے ؟

(1) مخدوم محی الدین (2) اختر الایمان (3) میرا جی (4) جوش ملیح آبادی

20. صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے :

(1) احتشام حسین : غالب کی بت شکنی (2) آل احمد سرور : ادب اور زندگی

(3) کلیم الدین احمد: لفظ ومعنی (4) محمد حسن : تنقید کیا ہے

21. شام بھی تھی دھواں دھواں، حسن بھی تھا اُداس اُداس

دل کو کئی کہانیاں یاد سی آ کے رہ گئیں

یہ کس کا شعر ہے ؟

(1) فراق (2) جوش (3) اقبال (4) داغ

22. ''یہ درست ہے کہ نظیر کے پاس کوئی عمیق فلسفیانہ نظر نہیں ہے، مگر وہ زندگی کے مسائل میں اس طرح رچے بسے ہوئے ہیں کہ انھیں سب باتیں اپنے آپ معلوم ہیں''

نظیر کے بارے میں یہ خیال کس ناقد کے قلم کا مرہونِ منّت ہے ؟

(1) کلیم الدین احمد (2) احتشام حسین (3) آلِ احمد سرور (4) محمد حسن

23. ''دیوانِ ریختی'' کس کی تصنیف ہے ؟

(1) نظامی بیدری (2) ہاشمی بیجاپوری (3) غوّاصی (4) نصرتی

24. ''جھوٹی اور بے اصل باتوں کا چمکانا، زمین آسمان کے قلابے ملانا اور مبالغہ واغراق کا طوفان اٹھانا، فی الحقیقت شاعر کا کمال نہیں ہے، بلکہ جس قدر اُس کی طبیعت ان باتوں سے اِبا کرتی ہے، اُسی قدر جاننا چاہئے کہ وہ شاعری سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے۔''

یہ عبارت کس کتاب سے ماخوذ ہے ؟

(1) نیرنگِ خیال (2) خطوط غالب (3) غبارِ خاطر (4) یادگارِ غالب

25. ''تمھاری دادی لکھتی ہیں کہ رہائی کا حکم ہو چکا تھا۔ یہ بات سچ ہے، اگر سچ ہے تو جواں مرد ایک بار دونوں قیدوں سے چھوٹ گیا۔ نہ قید حیات رہی، نہ قید فرنگ۔ ہاں صاحب! وہ لکھتی ہیں کہ پنشن کا روپیا مل گیا تھا، وہ تجہیز و تکفین کے کام آیا۔''

یہ عبارت غالب نے اپنے خط میں کس کو لکھی تھی ؟

(1) میر مہدی مجروح (2) مرزا حاتم علی مہر (3) یوسف مرزا (4) شہزادہ بشیر الدین

26. ذیل میں کچھ افسانوی مجموعوں کے نام الف، ب، ج اور د کے تحت درج ہیں۔ انھیں غور سے پڑھیے اور کرشن چندر کے افسانوی مجموعوں کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

الف ۔ نظارے، زندگی کے موڑ پر، ٹوٹے ہوئے تارے

ب ۔ ان داتا، تین غنڈے، عشق پر زور نہیں

ج ۔ سمندر دور ہے، حسن اور حیوان ، میں انتظار کروں گا

د ۔ کتاب کا کفن، زندگی کے موڑ پر، نظارے

زمرہ :

(1) الف، ب، ج (2) ب، ج، د (3) الف، ج، د (4) الف، د

27. ماں کو وہ پوچھے تو آوارہ وطن بتلانا

نام خواہر کا فقط رانڈ دولہن بتلانا

بھائی کو قیدیٔ زنجیر ورسن بتلانا

باپ کو سیّد بے گور وکفن بتلانا

دیکھو غیرت سے میں ہو جاؤنگی پانی پانی

ہند کے آگے نہ تم مانگیو جانی پانی

قید خانۂ شام کے حال میں کہے ہوئے مرثیہ کا یہ بند کس کی تخلیق ہے ؟

(1) میر انیس (2) مرزا دبیر (3) جوش (4) حالی

28. شہزادہ مُعز الدین کس داستان کا ہیرو ہے ؟

(1) باغ و بہار (2) فسانۂ عجائب (3) بوستانِ خیال (4) سب رس

29. ''صرف ایک سگریٹ'' کس کا افسانہ ہے ؟

(1) خواجہ احمد عباس (2) راجندر سنگھ بیدی (3) کرشن چندر (4) سعادت حسن منٹو

30. عیش بائی طوائف کس مثنوی کا کردار ہے ؟

(1) گلزارِ نسیم (2) سحرالبیان (3) زہرِ عشق (4) خواب و خیال

31. ''رانی کیتکی کی کہانی'' میں راجا جگت پرساد کے گرو کا کیا نام ہے ؟

(1) سورج بھان (2) ویریندر پرتاپ (3) مہندر گر (4) منوہر لال

32. ''مجھے جو کمبختی لگی، دروازہ بند نہ کیا، ایک بڑھیا شیطان کی خالا، اس کا خدا کرے مُنہہ کالا، ہاتھ میں تسبیح لٹکائے، برقع اوڑھے، دروازہ کھُلا پا کر ندھڑک چلی آئی اور سامنے ملکہ کے کھڑے ہو کر، ہاتھ اُٹھا کر دُعا دینے لگی کہ الٰہی ! تیری نتھ چوڑی سہاگ کی سلامت رہے اور کماؤ کی پگڑی قائم رہے! میں غریب رنڈیا فقیرنی ہوں۔ ایک بیٹی میری ہے کہ وہ دو جی سے پورے دنوں دردزہ میں مرتی ہے اور مجھ کو اتنی وسعت نہیں ہے کہ اَدّھی کا تیل چراغ میں جلاؤں، کھانے پینے کو تو کہاں سے لاؤں۔''

یہ عبارت کس کی لکھی ہوئی ہے ؟

(1) خواجہ امان دہلوی (2) میرامن (3) انشاء (4) رجب علی بیگ سرور

33. بھلا تردّدِ بے جا سے اس میں کیا حاصل

اٹھا چکے ہیں زمیندار جن زمینوں کو

درج بالا شعر پر کس مضمون کا اختتام ہوتا ہے ؟

(1) سرگزشت عہدِ گل (2) آمد میں آورد (3) سرسید احمد اور اردو لٹریچر (4) سلام ہونجد پر

34. ''اقبال کی شاعری میں رومانوی اثرات بہت نمایاں طور پر نظر آتے ہیں۔''

کس ناقد نے یہ بات کہی ہے ؟

(1) احتشام حسین (2) شمس الرحمٰن فاروقی (3) کلیم الدین احمد (4) محمد حسن

35. سعادت حسن منٹو کے کس افسانے کا کردار غلام علی ہے ؟

(1) یزید (2) چغد (3) سڑک کے کنارے (4) بابو گوپی ناتھ

36. ''نئی دھرتی، نئے انسان'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے ؟

(1) حیات اللہ انصاری (2) خواجہ احمد عباس (3) کرشن چندر (4) سعادت حسن منٹو

37. کلیم الدین احمد کی کتاب ''اُردو شاعری پر ایک نظر'' کتنی جلدوں میں چھپی ہے؟

(1) ایک (2) دو (3) تین (4) پانچ

38. ''سب رس'' میں حُسن کے غلام کا نام کیا ہے ؟

(1) خیال (2) نظر (3) غمزہ (4) توبہ

39. ''خمخانۂ جاوید'' کیا ہے ؟

(1) اِنشائیہ (2) تذکرہ (3) سوانح (4) خودنوشت

40. ذیل میں کچھ نظموں کے نام الف، ب، ج اور د کے تحت درج ہیں۔ انھیں غور سے پڑھیے اور سرور جہان آبادی کی نظموں کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

الف ۔ خاکِ وطن، لکشمن جی، شیون عروس

ب ۔ نیرنگِ زمانہ، دربار اکبر، قومی نوحہ

ج ۔ پھولوں کا کنج، مادرِ ہند، گردِ کارواں

د ۔ بدنصیب بنگال، شمع انجمن، کارزارِ ہستی

زمرہ :

(1) الف، ب، ج (2) ب، ج، د (3) الف، ج، د (4) الف، ب، د

41. ''دنیا مقامِ امتحان ہے۔ ہم تم یہاں امتحان دینے آئے ہیں۔ امتحان کا نام سنتے ہی میں چونک پڑا، آنکھ کھول کر دیکھا، تو کچھ نہ تھا۔''

یہ عبارت ''نیرنگِ خیال'' کے کس مضمون کا آخری حصّہ ہے ؟

(1) گلشنِ امید کی بہار (2) سیرِ زندگی

(3) انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا (4) علوم کی بدنصیبی

42. سعادت حسن منٹو نے اپنے بھائی سعید حسن کا ذکر کس افسانے میں کیا ہے ؟

(1) ۱۹۱۹ کی بات (2) عشق حقیقی (3) رام کھلاون (4) شاردا

43. مثنوی ''سحرالبیان'' میں جنوں کے بادشاہ کا بیٹا کس پر عاشق ہوا ؟

(1) ماہِ رخ (2) بدرِ منیر (3) نجم النساء (4) حسن بانو

**44.** ''تسلسل''، کس کی نظم ہے ؟

(1) جوش ملیح آبادی (2) سرور جہان آبادی (3) علی سردار جعفری (4) اختر الایمان

**45.** کس ادیب کے مضامین کا مجموعہ ''سنگ وخشت'' ہے ؟

(1) رشید احمد صدیقی (2) کرشن چندر (3) کنہیالال کپور (4) پطرس بخاری

**46.** ''دل کسی کا دوست نہیں''، کس کا افسانوی مجموعہ ہے ؟

(1) راجندر سنگھ بیدی (2) کرشن چندر (3) سعادت حسن منٹو (4) خواجہ احمد عباس

**47.** احوال اِس فقیر کا اے دوستاں سنو
یعنی جو مجھ پہ بیتی ہے وہ داستاں سنو
جو کچھ کہ شاہِ عشق نے مجھ سے کیا سُلوک
تفصیل وار کرتا ہوں اُس کا بیاں سنو

اِن اشعار سے ''باغ و بہار'' کے کس درویش نے اپنے سیر کی ابتدا کی ؟

(1) پہلے درویش کی (2) دوسرے درویش کی (3) تیسرے درویش کی (4) چوتھے درویش کی

**48.** ''دفتر ماتم''، کس کے مرثیوں کا مجموعہ ہے ؟

(1) دبیؔر (2) حالی (3) انیس (4) جوش

**49.** ''اے جناب میرن صاحب ،السلام علیکم! حضرت آداب،کہو صاحب آج اجازت ہے''
غالب نے یہ خط کس کے نام لکھا تھا ؟

(1) میر سرفراز حسین (2) میر اشرف (3) میر مہدی (4) میر نصیر الدین

**50.** ''شعر شور انگیز'' جلد اول کے دیباچے کے آخری باب کا عنوان کیا ہے ؟

(1) غالب کی میری (2) دریائے اعظم (3) شعر شور انگیز (4) انسانی تعلقات کی شاعری

**51.** ''کلام میں چند چیزوں کو ایک حکم کے تحت جمع کرنا''۔کون سی صنعت کہلاتی ہے ؟

(1) تقسیم (2) تفریق (3) جمع (4) جمع وتفریق

52. ''علوم کی بدنصیبی''، کس کا مضمون ہے ؟

(1) سرسید احمد خاں (2) محمد حسین آزاد (3) ابوالکلام آزاد (4) شبلی نعمانی

53. ''جھوری کاچھی''، پریم چند کے کس افسانے کا کردار ہے ؟

(1) نمک کا داروغہ (2) بڑے گھر کی بیٹی (3) روشنی (4) دو بیل

54. ذیل میں ایک دعویٰ ہے اور اُس کی ایک دلیل ہے۔ اسے غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**دعویٰ :** اُردو ایک شیریں زبان ہے۔

**دلیل :** اُردو زبان میں مختلف زبانوں کی آوازوں پر مبنی الفاظ شامل ہیں۔

(1) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے (2) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(3) دعویٰ صحیح ہے، مگر دلیل غلط ہے (4) دعویٰ غلط ہے، مگر دلیل صحیح ہے

55. ''اِسرارِ قدرت''، کس کی نظم ہے ؟

(1) سرور جہان آبادی (2) نظم طباطبائی (3) اقبال (4) نظیر اکبرآبادی

56. ''مُرشد''، کس کا مضمون ہے ؟

(1) پطرس بخاری (2) محمد حسین آزاد (3) رشید احمد صدیقی (4) فرحت اللہ بیگ

57. ذیل میں سے کون نواب مرزا سلطان کی بیوی بنتی ہے ؟

(1) بسم اللہ جان (2) خورشید جان (3) رام دئی (4) امراؤ جان

58. ''کسی بات کے حسن و قبح کا مدار زیادہ تر اُسی عہد کے اربابِ اقتدار کی پسند یا ناپسند پر ہوتا ہے۔ بادشاہ کے مانند مقتدر شخص کسی غلطی کا مرتکب نہیں ہوسکتا۔''

یہ اقتباس مضامینِ رشید کے کس انشائیہ سے لیا گیا ہے ؟

(1) پاسبان (2) گواہ (3) چارپائی (4) دھوبی

59. سراپا میں جس جا نظر کیجیے
وہیں عمر اپنی بسر کیجیے

یہ شعر کس مثنوی سے ماخوذ ہے ؟

(1) خواب و خیال (2) زہرِ عشق (3) مذہب عشق (4) گلزارِ نسیم

60. ''برف حکیم صاحب کی ایسی کمزوری ہے جس پر وہ نہ کبھی قابو پا سکے۔ گرمی کے موسم میں برف نہ دستیاب ہو اور یہ معلوم ہو کہ صرف قطب شمالی پر مل سکتی ہے تو وہ اپنے تانگے پر قطب شمالی کے لیے روانہ ہو جائیں گے۔''

یہ اقتباس مضامینِ رشید کے کس انشائیے سے لیا گیا ہے ؟

(1) وکیل صاحب (2) پاسبان (3) شیطان کی آنت (4) مغالطہ

61. بے ترتیبی کس صنفِ نثر کی خصوصیت ہے ؟

(1) افسانہ (2) ناول (3) سفرنامہ (4) انشائیہ

62. ''میں نے یہ گفتگو سُن کر، دونوں یاجوج ماجوج سے کہا کہ واسطے خدا کے مجھ پر رحم کرو، ابھی مجھ میں ایک رَمق جان باقی ہے۔ جب مر جاؤں گا، جو تمہارا جی چاہے گا سو کیجو۔''

''باغ و بہار'' میں یہ جملے کس درویش کی زبان سے ادا ہوئے ہیں ؟

(1) پہلے درویش (2) دوسرے درویش (3) تیسرے درویش (4) چوتھے درویش

63. ذیل میں سے کس کے بارے میں بوطیقا میں بالکل ذکر نہیں ہے ؟

(1) المیہ (2) غنائیہ (3) رزمیہ (4) طربیہ

64. ''میں یہ نہیں کہتا کہ پیغام اور شاعری میں کوئی بیر ہے، شرط یہ ہے کہ پیغام شعری تجربہ بن جائے۔''

یہ بیان کس کا ہے ؟

(1) شمس الرحمٰن فاروقی (2) کلیم الدین احمد (3) احتشام حسین (4) آلِ احمد سرور

65. افسانہ ''آوارہ گرد'' کا کردار اوٹو کروگر کس ملک کا باشندہ تھا ؟

(1) فرانس (2) جرمنی (3) برطانیہ (4) امریکہ

66. نظیر اکبرآبادی کی نظم ''برسات کی بہاریں'' کی ہئیت کیا ہے ؟

(1) مسدس (2) مخمس (3) مثلث (4) مربع

67. الحاقیانہ میں کون سا عمل شامل نہیں ہے ؟

(1) سابقہ (2) لاحقہ (3) وسطیہ (4) حلقیہ

68. ہند آریائی قدیم دور کب سے کب تک تسلیم کیا جاتا ہے ؟

(1) 2000 ق م تا 1000 ق م (2) 1500 ق م تا 500 ق م

(3) 1000 ق م تا 500 ق م (4) 800 ق م تا 500 ق م

69. کون سی مثنوی میں ہیروئن خودکشی کر لیتی ہے ؟

(1) سحرالبیان (2) زہرعشق (3) قطب مشتری (4) پھول بن

70. ''شعر کی عمارت چار چیزوں سے اٹھتی ہے۔لفظ، وزن، معنی اور قافیہ،''

یہ بیان کس کا ہے ؟

(1) ابن قتیبہ (2) قدامہ ابن جعفر (3) عبدالقادر جرجانی (4) ابن رشیق

71. ''کشتیِ مسکیں''، ''جان پاک'' اور ''دیوار یتیم'' کو اقبال نے کس نظم میں استعمال کیا ہے ؟

(1) شکوہ (2) حقیقت حسن (3) خضر راہ (4) شعاعِ اُمید

72. ذیل میں سے کس نے ادب کی تنقید میں نفسیات کا سہارا لیا ہے ؟

(1) آئی۔اے۔رچرڈس (2) ارسطو (3) ٹی۔ایس۔ایلیٹ (4) لان جائی نس

73. ''گلشن عشق'' کس کی مثنوی ہے ؟

(1) ملاّ وجہی (2) نصرتی (3) ہاشمی (4) سراج

74. ''جو کیفیت وہ یعنی شاعر آپ اٹھاتا ہے اس کے لیے ڈھونڈتا رہتا ہے کہ کیسے لفظ ہوں اور کس طرح انھیں ترتیب دوں تا کہ جو کیفیت اس کے دیکھنے سے میرے دل پر طاری ہے، وہی کیفیت سننے والوں کے دل پر چھا جائے۔''

یہ بیان کس کا ہے ؟

(1) محمد حسین آزاد (2) شبلی (3) حالی (4) محمد حسن

75. ''انگارے'' میں سجاد ظہیر کے کتنے افسانے ہیں ؟

(1) پانچ (2) تین (3) چار (4) ایک

76. ''آج تمام شاعروں کا پہلا سماجی فریضہ ہے کہ وہ ان لوگوں کے ساتھ ہو جائیں جو دنیا کو بدل دینا چاہتے ہیں۔انھیں اسی طرح آزادی نصیب ہو سکتی ہے۔'' یہ بیان کس کا ہے ؟

(1) محمد حسن (2) آلِ احمد سرور (3) احتشام حسین (4) محمد حسین آزاد

77. ''سیاست میں شاہ پرست، مذہب میں کیتھولک اور ادب میں کلاسیکیت کا قائل ہوں۔'' یہ اعلان کس مغربی ناقد نے کیا تھا ؟

(1) لان جائی نس (2) آئی۔اے۔رچرڈس (3) ٹی۔ایس۔ایلیٹ (4) والٹر پیٹر

78. ''ادب سیاسی، مذہبی اور اخلاقی موضوعات سے مدد لیتا ہے، لیتا رہا ہے مگر یہ مذہب کا خادم ہے نہ سیاست کا نقیب، نہ اخلاق کا نائب۔ادب ہرجائی ہے اور ادب کا ہرجائی پن ہی اس کی دولت ہے۔''
یہ بیان کس کا ہے ؟

(1) آل احمد سرور (2) کلیم الدین احمد (3) محمد حسن (4) احتشام حسین

79. ''نغمۂ ساز'' کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(1) مجاز (2) سرور جہان آبادی (3) فراق گورکھپوری (4) مخدوم محی الدین

80. ''مضمون تو سب پیدا کر سکتے ہیں۔شاعر کا معیارِ کمال یہی ہے کہ مضمون ادا کن لفظوں میں کیا گیا ہے۔اور بندش کیسی ہے۔''
یہ بیان کس کا ہے ؟

(1) حالی (2) محمد حسین آزاد (3) شبلی (4) شمس الرحمن فاروقی

81. ''وہ نقاد جو معاصر ادب کا مطالعہ کرنے سے جی نہیں چراتا، ہر طرح اس میں مصروف اور منہمک ہوتا ہے، ہماری تعریف اور احترام کا مستحق ہوتا ہے۔''
یہ قول کس کا ہے ؟

(1) کلیم الدین احمد (2) آلِ احمد سرور (3) احتشام حسین (4) شمس الرحمن فاروقی

82. شورسینی اپ بھرنش کے اثرات کب تک رہے ؟

(1) 800 سنہ عیسوی تک (2) 900 سنہ عیسوی تک (3) 1000 سنہ عیسوی تک (4) 1100 سنہ عیسوی تک

83. لب شیریں کا وصف کرتے ہیں
بات گویا نبات اپنی ہے
بات اور نبات میں کون سی صنعت ہے ؟

(1) تضاد (2) تجنیس تام (3) تجنیس ناقص وزائد (4) ترصیع

84. دلیل صبح روشن ہے ستاروں کی تنک تابی
افق سے آفتاب اُبھرا گیا دورِ گراں یابی
اس شعر سے اقبال کی کون سی نظم شروع ہوتی ہے ؟
(1) خضر راہ (2) شعاع (3) طلوع اسلام (4) مسجد قرطبہ

85. ''اقبال انسانیت کو فطرت کا محبوب ترین اور مکمل ترین جوہر سمجھتے ہیں۔ اُن کے خیال میں فطرت ہستی ابھی خوب سے خوب تر کی جستجو میں ہے، اُن کا فلسفۂ حیات زندگی اور موت دونوں کا ایک بلند تصور رکھتا ہے۔''
اقبال کے تعلق سے یہ تبصرہ کس کا ہے ؟
(1) احتشام حسین (2) کلیم الدین احمد (3) آلِ احمد سرور (4) سجّاد ظہیر

86. کس شاعر کو ترقی پسندوں میں شمار نہیں کیا جاتا ؟
(1) مخدوم محی الدین (2) معین احسن جذبی (3) فیض احمد فیض (4) اصغر

87. روئے آنسو اس قدر ہم ہجر میں
اشک کے طوفان سے دریا ہو گیا
اس شعر میں لفظ حشو قبیح کی نشان دہی کیجیے۔
(1) طوفان (2) ہجر (3) دریا (4) اشک

88. ''نیرنگِ خیال'' کے حصّہ دوم میں کتنے مضامین شامل ہیں ؟
(1) چار (2) پانچ (3) چھ (4) سات

89. کب ڈوبے گا سرمایہ پرستی کا سفینہ
دنیا ہے تری منتظرِ روزِ مکافات
درج بالا شعر پر اقبال کی کون سی نظم ختم ہوتی ہے ؟
(1) تصویرِ درد (2) شمع و شاعر (3) لینن خدا کے حضور میں (4) زہد و رندی

90. ''زندگی اے زندگی'' کس کا آخری شعری مجموعہ ہے ؟
(1) علی سردار جعفری (2) اختر الایمان (3) مخدوم محی الدین (4) خلیل الرحمن اعظمی

**.91** ذیل میں سے کون سی کتاب فارسی شعریات سے متعلق نہیں ہے ؟

(1) قابوس نامہ (2) چہار مقالہ (3) حدایق السحر فی وقایق الشعر (4) طبقات الشعرا

**.92** ''اتال تجھے میں کیا کہوں، نہ کہوں تو چُپ بی کیوں رہوں۔توں تو بہوت دانا بہوت عاقل ہے و لے ہشیار، دل رُبا شہر دیدار کوں انپڑیا بہوت مشکل ہے۔ باٹ میں جنس جنس کی محنت حائل ہے۔اس دریا میں کیس غرقاب کیس ساحل ہے۔''

یہ عبارت کس کتاب سے ماخوذ ہے ؟

(1) رانی کیتکی کی کہانی (2) سب رس (3) فسانۂ عجائب (4) باغ و بہار

**.93** منٹو کے کس افسانے کا مرکزی کردار راج کشور ہے ؟

(1) بانجھ (2) بابو گوپی ناتھ (3) میرا نام رادھا ہے (4) شریفن

**.94** '' ٹیکسی حاجی علی سے ہوتے ہوئے تاڑ دیو میں داخل ہوئی۔وہاں سے اوپرا ہاؤس ہوتے ہوئے ہارن بائی روڈ پر جا پہنچی، جس کا نام اب مہاتما گاندھی روڈ ہو گیا ہے۔''

یہ عبارت راجندر سنگھ بیدی کے کس افسانے سے ماخوذ ہے ؟

(1) دس منٹ بارش میں (2) لاجونتی (3) ببّل (4) پان شاپ

**.95** ''پھول متی اور کامتا'' پریم چند کے کس افسانے کے کردار ہیں ؟

(1) قاتل کی ماں (2) بدنصیب ماں (3) معصوم بچہ (4) مالکن

**.96** پطرس بخاری نے پرانی سائیکل کا ذکر کس انشائیے میں کیا ہے ؟

(1) ہاسٹل میں پڑھنا (2) لاہور کا جغرافیہ (3) دوست کے نام (4) مرحوم کی یاد میں

**.97** ''سہ دری کے چوکے پر آج پھر صاف ستھری جازم بچھی تھی۔ٹوٹی پھوٹی کھپریل کی جھریوں میں سے دھوپ کے آڑے ترچھے قتلے پورے دالان میں بکھرے ہوئے تھے۔محلّے ٹولے کی عورتیں خاموش اور سہمی ہوئی سی بیٹھی تھیں۔جیسے کوئی بڑی واردات ہونے والی ہو، ماؤں نے بچے چھاتیوں سے لگا لیے تھے۔''

درج بالا اقتباس کس افسانے سے ماخوذ ہے ؟

(1) حسب نسب (2) چوتھی کا جوڑا (3) بدنصیب ماں (4) پوس کی رات

98. چاروں طرف تھا بسکہ ہجومِ سیاہِ شام
گویا سیاہ پوش تھا آب رواں تمام
ماتم یہ تھا کہ مالک کوثر تھا تشنہ کام
بالکل الٹ دیئے تھے حبابوں نے اپنے جام
دریا جو دور پیاس میں تھا شہ کی فوج سے
منہ پر طمانچے مارتا تھا دستِ موج سے

مرثیہ کے اس بند میں کون سی صنعت کا استعمال ہوا ہے ؟

(1) استتباع (2) ادماج (3) حسنِ تعلیل (4) جمع

99. اس رخش کے منہ پر کوئی دن چڑھ نہیں سکتا
چلنے میں یہ سرعت ہے کہ سن بڑھ نہیں سکتا

اس شعر میں کون سی صنعت نمایاں ہے ؟

(1) تفریق (2) تقسیم (3) مبالغہ (4) جمع

100. ابھینو گپت نے کون سا نظریہ پیش کیا ہے ؟

(1) سادھارنی کرن (2) رس (3) دھونی (4) ابھیویکتی واد

- o O o -

**Space For Rough Work**